NJONA
NEW JERSEY OFFICE OF NEW AMERICANS

## سات باتیں جو آپ کو اپنی صحت کے معائنے سے قبل جاننے کی ضرورت ہے۔

### 1. صحت کا معائنہ کیا ہے؟

صحت کا معائنہ خاندان کے تمام افراد کا جسمانی اور جذباتی صحت کا ایک جامع معائنہ ہے، اور یہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں آپ کی آبادکاری کے ایک حصے کے طور پر درکار ہوتا ہے۔ یہ معائنہ ایک مخصوص کلینک میں کیا جاتا ہے اور نگہداشتِ صحت کے اہل فراہم کنندگان کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے۔

### 2. میں وہاں کیسے پہنچوں؟

بہترین طریقے سے آنے جانے کو طے کرنے کے لیے آپ کا کیس مینیجر آپ اور آپ کے خاندان کے ساتھ کام کرے گا۔

### 3. میرے خاندان میں اسکول جانے کی عمر کے بچے ہیں۔ مجھے اپنی صحت کے معائنے میں کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

طبی معائنے کے علاوہ، آپ کے بچے کے اسکول کو بھیجنے کے لیے بچے کی تندرستی کی جانچ کا ایک عالمگیر فارم پُر کیا جائے گا، اور ان کو جلد از جلد اندراج کرنے کے قابل بنانے کے لیے ان کی ویکسینیشن مکمل کی جائے گی۔ یہ اسکول فارمز اس وقت ہی دستیاب ہوں گے جب آپ پوری جانچ مکمل کر لیں گے، جس میں 1 سے 3 بار تک جانا پڑ سکتا ہے۔

### 4. آپ کو صحت کا معائنہ مکمل کرنے کی ضرورت کیوں ہے؟

- تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ *آپ، آپ کا خاندان، اور آپ کی کمیونٹی* محفوظ اور صحت مند ہیں۔
- تاکہ *ضروری علاج اور ادویات* تک رسائی مل سکے۔
- تاکہ آپ کو *ضروری طبی دستاویزات* فراہم کی جا سکیں۔

### 5. آپ صحت کے معائنے کے لیے کیسے تیاری کریں؟

- خاندان کے ہر فرد کی *دستیاب دستاویزات* اپنے ساتھ لائیں، جیسے کہ: *I94s، پاسپورٹس، میڈیکل ریکارڈز، گھر سے ویکسین کی معلومات، اور دیگر شناختی دستاویزات جو آپ کے پاس موجود ہوں۔*
- *اسنیکس، پانی، اضافی ڈائیپرز، یا کسی اور چیز کو بھی اپنے سامان میں رکھ لیں جس کی آپ کو* انتظار کرتے وقت *ضرورت ہو سکتی ہے۔* اپائنٹمنٹس میں کئی گھنٹے بھی لگ سکتے ہیں، کیونکہ معالجین کی کوشش ہوگی کہ وہ ایک ہی دن میں آپ کے پورے خاندان کو دیکھیں تاکہ آپ کے بار بار ان کے دفاتر میں آنے کی تعداد کو کم کر سکیں۔
- *مزید تاخیر یا منسوخی سے بچنے کے لیے وقت پر پہنچیں۔* امریکہ میں اپائنٹمنٹس کے اوقات بہت پابندی والے ہیں۔
- اگر کوئی ایمرجنسی یا فوری ضرورت پیش آ جائے *اور آپ اپوائنٹمنٹ میں شرکت نہیں کر سکتے ہیں تو براہ کرم اپنے کیس مینیجر کو جلد از جلد مطلع کریں۔*

### 6. صحت کے معائنے میں آپ کو کیا توقع کرنی چاہئیے؟

- سب سے پہلے، آپ *فرنٹ ڈیسک پر موجود عملے کے فرد کے پاس اندراج کروائیں گے۔*
- اس کے بعد آپ ڈاکٹر کے بلانے تک *انتظار گاہ میں بیٹھیں گے۔* براہ کرم کسی ایمرجنسی کے علاوہ وہاں سے نہ جائیں۔ اگر آپ کو باتھ روم استعمال کرنے کی ضرورت ہو، تو پوچھنے میں بالکل نہ ہچکچائیں کہ یہ کہاں پر ہے۔ اگر آپ کو باہر جانا ہے تو فرنٹ ڈیسک کو اس بارے میں آگاہ کریں۔

- آپ کی باری آنے پر، آپ کو *ایک پرائیویٹ معائنہ کے کمرے میں لے جایا جائے گا* جہاں ڈاکٹر خاندان کے تمام افراد کا معائنہ کرے گا۔
- معائنے کے دوران، نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ ایک جسمانی معائنہ کرے گا، اور آپ سے آپ کی جسمانی اور جذباتی صحت کے حوالے سے کچھ سوالات پوچھے گا۔
- نگہداشتِ صحت فراہم کنندہ کو خاندان کے ہر فرد کا *پورا نام، تاریخ پیدائش اور پتہ* جاننے کی ضرورت ہوگی۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ آپ نے یہ معلومات لکھ کر اپنے پاس رکھی ہوئی ہیں۔
- *براہ کرم نوٹ کریں کہ تمام معائنوں میں خون کے ٹیسٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔* یہ ٹیسٹ یا تو کلینک میں مکمل کیا جائے گا یا کسی دوسرے مقام پر طے کیا جائے گا۔
- کئی معائنوں کے لیے پاخانہ کے نمونے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو گھر لے جانے کے لیے ایک کِٹ اور اس بارے میں ہدایات بھی فراہم کی جا سکتی ہیں کہ آپ اپنا پاخانہ کا نمونہ کیسے جمع کریں اور اسے اپنی بعد والی اپائنٹمنٹ پر کلینک میں واپس لائیں۔
- براہ کرم ان ٹیسٹوں کو مکمل کرنا اور مستقبل کی کسی بھی بعد والی اپائنٹمنٹس میں وقت پر پہنچنا یقینی بنائیں۔ آپ کی صحت کا مکمل معائنہ عموماً دو یا تین ملاقاتوں میں مکمل ہوتا ہے، لہذا آپ کی بعد کی ملاقاتیں نہایت اہم ہیں۔
- اپنے معائنے کی تکمیل کے بعد، آپ اپنے ریکارڈز کے لیے اپنے طبی معائنہ فارم کی *پرنٹ شدہ کاپی طلب* کر سکتے ہیں۔آپ کے فالو اپ وِزٹس اور معائنہ مکمل ہو جانے کے بعد آپ کو کوئی بھی دیگر ضروری دستاویزات، بشمول آپ کے بچوں کے اسکول میں داخل ہونے کے لیے ضروری طبی دستاویزات، مِل جائیں گی۔

## 7. صحت کے معائنے کے دوران آپ کے کیا حقوق ہیں؟

- خاندان کے ہر ایک فرد کو *مساویانہ پیشہ ورانہ دیکھ بھال اور خدمات* کا حق حاصل ہے۔
- آپ *مفت ترجمانی/ترجمہ کی خدمات* کا حق رکھتے ہیں۔ یہ عموماً ٹیلی فون کے ذریعے ہوتے ہیں۔
- آپ کو معائنہ کے دوران *کسی بھی خدمات سے انکار کرنے کا* حق حاصل ہے۔ طبی معائنہ آپ کی صحت اور تندرستی کو مدنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے، البتہ بحیثیت مریض آپ کو کسی بھی طبی خدمات پر رضامندی دینے یا اس سے انکار کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو *مخصوص جنس کے ڈاکٹر سے معائنہ کرانے کی خواہش ظاہر کرنے* کا بھی حق حاصل ہے۔ اپائنٹمنٹ سے قبل اپنے کیس مینیجر کو اس بارے میں بتائیں۔ وہ اس کا انتظام کرنے کی کوشش کرنے کے لیے کلینک سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- ساتھیوں سے متعلق کلینک کے قواعد کے تحت، آپ کو معائنے والے کمرے میں اپنے ساتھ*کسی ساتھی کو لانے* کا حق حاصل ہے۔ والدین ہمیشہ اپنے بچوں کے ہمراہ اندر جا سکتے ہیں۔
- آپ *رازداری* کا حق رکھتے ہیں، جس کا HIPAA نامی امریکی قانون احاطہ کرتا ہے۔ آپ کی تمام ذاتی اور صحت کی معلومات رازداری میں رکھی جائیں گی۔